Alberta

نیوز ریلیز

آسٹرا زینیکا ویکسین واک اِنز (walk-ins) کیلئے دستیاب ہے

15اپریل، 2021ء

ایڈمنٹن اور کیلگری میں اہل البرٹنز کیلئے آسٹرا زینیکا ویکسین (AstraZeneca vaccine) کیلئے ایک ہی دن میں مزید واک اِنز دستیاب ہیں۔

17 اپریل سے، البرٹا ہیلتھ سروسز ایڈمنٹن ایکسپو سینٹر اور کیلگری کے ساؤتھ پورٹ کلینک میں موجودہ ریپڈ فلو کلینک میں واک اِنز کو قبول کرے گی۔

یہ کیلگری اور ایڈمنٹن میں 26 فارمیسیوں کے علاوہ ہے جو 55 سے 64 سال کی عمر کے البرٹنز کو واک اِن بنیادوں پر ویکسینز پیش کر رہی ہیں۔

اس عمر کی حد میں کوئی بھی البرٹن، قطع نظر اس کے کہ وہ کہاں رہتا ہے، بغیر کسی اپوائنٹمینٹ کے آسٹرا زینیکا ویکسین لگوانے کے لئے ان مقامات پر جا سکتا ہے۔

اس وقت، 710 فارمیسیاں آسٹرا زینیکا ویکسین کیلئے اپوائنٹمینٹس کی پیشکش جاری رکھے ہوئے ہیں اور ٹیلس کنوینشن سینٹر (Telus Convention Centre) میں کیلگری ریپڈ فلو کلینک اپوائنٹمینٹ پر آسٹرا زینیکا کی پیشکش جاری رکھے گی۔

آسٹرا زینیکا کی پہلی خوراک انفیکشن کو 60 سے 70 فیصد تک کم کرتی ہے اور، اہم بات یہ ہے کہ، ہسپتال میں داخلے اور موت کا خطرہ 80 فیصد تک کم ہوتا ہے۔ کووِڈ-19 کے کیسز میں اضافہ ہونے کے ساتھ، اب یہ ان لوگوں کیلئے تحفظ فراہم کرتی ہے جنہیں دوسری صورت میں کسی دوسری ویکسین تک رسائی کیلئے تقریباً ایک ماہ تک انتظار کرنا پڑتا۔

البرٹا میں آسٹرا زینیکا ویکسین کی 27,500 سے زائد خوراکیں لگائی جا چکی ہیں، اس کے ساتھ کووی شِیلڈ/آسٹرا زینیکا کی 58,000 خوراکیں لگائی جا چکی ہیں۔ البرٹا میں ویکسین سے لگنے والی پروتھرمبوٹک امیون تھرمبو سائیٹوپینیا [vaccine-induced prothrombotic immune thrombocytopenia (VIPIT)] کے نام سے جانے والے شاذونادر خون کے جمنے والے ٹکڑوں (blood clots) کے ابھی تک کوئی تصدیق شدہ واقعات موجود نہیں ہیں، اور پورے کینیڈا میں صرف ایک ہی کیس ہوا ہے۔

یہ سمجھنا ضروری ہے کہ البرٹنز کیلئے وی آئی پی آئی ٹی کا خطرہ بہت کم ہے۔ تمباکو نوشی، گرنے/زخمی ہونے اور روزمرہ کے دوسرے عام واقعات کی وجہ سے خون کے جمنے والے ٹکڑوں کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔

تاہم، کووِڈ-19 انفیکشن کے بُرے اثرات کا خطرہ بہت حقیقی ہے اور خاص طور پر بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ، اس کے امکانات بہت زیادہ ہیں۔

55 سے 59 سال کی عمر والوں میں کووِڈ-19 کے علاج معالجے کے سلسلے میں ہسپتال میں داخل ہونے کا خطرہ وی آئی پی آئی ٹی کے خطرے سے تقریباً 1,500 گُنا زیادہ ہے، اور اس عمر والوں میں کووِڈ-19 سے ہونے والی اموات کا خطرہ وی آئی پی آئی ٹی کے خطرے سے تقریباً 125 گُنا زیادہ ہے۔

واک اِنز کو قبول کرنے والی فارمیسیوں کی ایک فہرست کیلئے، نیز وہ جو اپوائنٹمینٹ پر مبنی بکنگ کرنے والوں کو لیتی ہیں، اس ویب سائٹ کا وِزٹ کریں Alberta Blue Cross website

اے ایچ ایس واک اِن کلینکس 17 اپریل کو کُھلیں گی اور شروع کرنے کیلئے پانچ دن چلیں گی۔ کلینکس میں توسیع دستیاب ویکسین اور مانگ کے تحت کی جائے گی۔

کیلگری میں 10301 Southport Lane SW پر واقع ساؤتھ پورٹ لوکیشن 17-21 اپریل (ہفتہ سے بدھ)، صبح 8:30 بجے تا بعد از دوپہر 3:45 بجے تک کام کرے گی۔

7515 118 Avenue NW پر واقع ایڈمنٹن ایکسپو سینٹر، مندرجہ ذیل اوقات کے مطابق کام کرے گا:

- 17-18 اپریل (ہفتہ اور اتوار): بعد از دوپہر 12:30 بجے تا شام 4 بجے
- 19-20 اپریل (پیر اور منگل): بعد از دوپہر 12:30 بجے تا شام 6:45 بجے
- 21 اپریل (بدھ): بعد از دوپہر 12:30 بجے تا شام 4 بجے

برائے ایچ ایس سائٹ میں شروع کرنے کیلئے آسٹرا زینیکا کے 500 واک اِنز کی گنجائش ہے۔ صلاحیت کو طلب کی بنیاد پر ایڈجسٹ کیا جائے گا۔ کلینک کھلنے کے اوقات میں کسی بھی ایڈجسٹمینٹ کیلئے براہِ مہربانی AHS.ca پر جائیں۔

آسٹرا زینیکا ویکسین لگوانے کیلئے کوئی بھی اہل البرٹن البرٹا ہیلتھ سروسز آن لائن بکنگ ٹول کے ذریعے یا 811 پر کال کر کے بھی اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتا ہے۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کے صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

فوری حقائق

- اس وقت، کیلگری اور ایڈمنٹن میں 26 فارمیسیاں آسٹرا زینیکا کیلئے واک اِن ویکسین کی پیشکش کر رہی ہیں، جن میں آزاد فارمیسیاں اور بڑی چین سائٹیں شامل ہیں۔ ان فارمیسیوں کی ایک فہرست Alberta Blue Cross website ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔
- فیز 1، 2 اے، 2 بی اور 2 سی کے حصے میں اہل تمام البرٹنز کسی بھی حصہ لینے والی فارمیسی یا البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) کے ساتھ کووِڈ-19 ویکسین کی اپوائنٹمینٹ بک کروانے کو جاری رکھ سکتے ہیں۔

متعلقہ معلومات

- البرٹنز کیلئے کووِڈ-19 کی معلومات
- کووِڈ-19 سیلف ایسیسمینٹ ٹول

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن (Jerrica Goodwin)
587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ٹام میکملن (Tom McMillan)
780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید حکومتی ترجمہ شدہ وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx